# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

### شعبہ تعلقات عامہ

مورخہ 23 نومبر 2021 اسلام آباد

الیکشن کمیشن نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس مورخہ 17 نومبر 2021 کو الیکٹرانک ووٹنگ مشین اور انٹرنیٹ ووٹنگ پر قانون سازی کے بعد ان قوانین پر عملدرآمد کے لئے تین کمیٹیاں تشکیل دی ہیں جن کا مینڈیٹ اور تفصیل درج ذیل ہے۔

1) الیکٹرانک ووٹنگ مشین اور بیرون ملک ووٹنگ ٹیکنیکل کمیٹی سیکرٹری الیکشن کمیشن کی سربراہی میں بنائی گئی ہے۔ جس کا مینڈیٹ الیکشن پراسس میں استعمال ہونے والی ٹیکنالوجیز، اس سلسلے میں انٹرنیشنل سٹینڈرڈ اور بیسٹ پریکٹسز کی نشاندہی، الیکٹرانک ووٹنگ مشین اور اوورسیز ووٹنگ کے استعمال کا طریقہ کار اور کام کے سکوپ (scope)، پالیسی، مشین بنانے کی اسٹریٹیجی اور اس کا ٹیکنیکل و فنکشنل اعتبار سے جائزہ لینا، حتمی کنسپٹ نوٹ (concept note)، قانونی حدود میں رہتے ہوئے آر ایف پی کی تیاری اور اس سلسلے میں آئندہ کی ضرورت کی نشاندہی شامل ہے اسی طرح بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے ووٹنگ کے لئے جو پراسس درکار ہے اس کی نشاندہی اور اس پر عملدرآمد کا طریقہ کار وغیرہ بھی شامل ہیں۔

2) دوسری کمیٹی ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن) کی سربراہی میں بنائی گئی ہے جس کا مینڈیٹ الیکٹرانک ووٹنگ مشین اور انٹرنیٹ ووٹنگ سسٹم پر آنے والے اخراجات (Financial implications) اور الیکشن سے متعلق دیگر امور شامل ہیں۔ کمیٹی مشینوں کی پائلیٹ ٹیسٹنگ اور مشینوں کے اصل استعمال کے لئے Mechanism الیکشن کمیشن کے سامنے رکھے گی۔ مزید برآں اس پراجیکٹ پر عملدرآمد کے لئے الیکشن کمیشن کی بجٹ ضروریات اور دیگر معاملات جن میں مشینوں کے سٹوریج کا بندوبست کرنا بھی شامل ہیں اس پر بھی اپنی جامع سفارشات کمیشن کے سامنے پیش کرے گی تاکہ حکومت کو اس سلسلے میں آگاہ کیا جاسکے اور شارٹ اور لانگ ٹرم basis پر محفوظ سٹوریج کا بندوبست کیا جاسکے۔ اس سلسلے میں پہلے ہی الیکشن

کمیشن، H-11/4 میں ایک پراجیکٹ پلاننگ کمیشن کو تجویز کر چکا ہے۔ جہاں پر سٹوریج کا بھی بندوبست کیا جا سکتا ہے اور stop gap انتظام کے لئے کسی بھی گورنمنٹ بلڈنگ میں مناسب جگہ مختص کی جا سکتی ہے۔

3) تیسری کمیٹی ڈائریکٹر جنرل IT کی سربراہی میں بنائی گئی ہے جس کا مینڈیٹ الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے استعمال اور اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کے حقوق دینے کے حوالے سے اس پر عملدرآمد اور اس عمل درآمد میں موجودہ قوانین کی روشنی میں سابقہ قوانین سے تقابلی جائزہ اور اس میں درپیش مشکلات سے الیکشن کمیشن کو آگاہ کرنا اور موجودہ قوانین اور رولز میں ترامیم کے لئے اپنی تجاویز و سفارشات مرتب کرنا شامل ہیں۔